شفا
انٹرنیشنل
ہسپتال لمیٹڈ

نوٹس برائے 40واں سالانہ اجلاس عام

اطلاع دی جاتی ہے کہ شفاانٹرنیشنل ہسپتال لمیٹڈ (کمپنی) کے ممبران کا40واں سالانہ اجلاس عام (اے جی ایم) کمپنی کے رجسٹرڈ دفتر (C-0 آڈیٹوریم) واقع سیکٹرH-8/4، اسلام آباد میں اور بذریعہ وڈیولنک (زوم اپلیکیشن) بروز ہفتہ 24اکتوبر 2026دن 11:00 بجے درج ذیل معاملات کے سلسلے میں منعقد ہوگا:

عام کاروبار:

1۔ کمپنی کے 25اکتوبر 2025 کو39 واں سالانہ اجلاس عام اور یکم اپریل 2026 کوعبوری اجلاس عام کے منٹس کی توثیق کرنا۔

2۔ 30جون 2026 کوختم ہونے والے کمپنی کے مالی سال آڈٹ شدہ مالیاتی گوشواروں (مجموعی اور غیر مجموعی) کی ڈائریکٹرز اور آڈیٹرز کی رپورٹ سمیت وصولی، اس پر غور اور منظوری۔

3۔ بورڈ آف ڈائریکٹرز کی سفارش پر50فیصد یعنی پانچ (5) روپے فی شیئر کے حتمی کیش ڈیویڈنڈ کی منظوری اور اس کی ادائیگی کا اختیار دینا۔

4۔ اختتامی سال30جون 2027 کے لیے آڈیٹرز کی تقرری اور ان کے معاوضے کا تعین کرنا۔

بحکم بورڈ

sd/-

محمد نعیم

کمپنی سیکرٹری

اسلام آباد

02 اکتوبر2026

نوٹس:

i. سالانہ اجلاس عام (AGM) میں بذات خود یا وڈیو لنک کے ذریعے شرکت

شیئر ہولڈرز سے درخواست ہے کہ سالانہ اجلاس عام میں الیکٹرانک سہولت کے ذریعے شرکت کے لیے اپنی تفصیلات سالانہ اجلاس عام سے 48 گھنٹے قبل (یعنی 22اکتوبر 2026 کو دن 11:00 بجے تک) فراہم کرکے خود کو رجسٹر کروائیں۔

رجسٹریشن کی تفصیلات مندرجہ ذیل ای میل ایڈریس پر بھیجی جاسکتی ہیں: muhammad.naeem@shifa.com.pk

شیئر ہولڈرز سے گزارش ہے کہ وہ درج ذیل معلومات کے ساتھ اپنی اور، اگر کسی کو پراکسی مقرر کیا گیا ہو تو اس کے کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ کی فوٹو کاپی بھی فراہم کریں۔ اس کے علاوہ کارپوریٹ ممبران کو بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد/ پاور آف اٹارنی کی ایسی سکین شدہ کاپی بھی جمع کروانا ہوگی جس پر نامزد نمائندے کے دستخط موجود ہوں۔

شیئر ہولڈر کا نام	قومی شناختی کارڈ نمبر	فولیو نمبر / سی ڈی سی اکاؤنٹ نمبر	** موبائل فون نمبر	** ای میل ایڈریس

*جہاں قابل اطلاق ہو، وہاں پراکسی ہولڈر یا شیئر ہولڈر کے نامزد نمائندے کی مندرجہ بالا معلومات بھی فراہم کریں۔

** حصص داران سے گزارش کی جاتی ہے کہ وہ اپنا موجودہ موبائل نمبر اور ای میل ایڈریس مہیا کریں تا کہ وقت پر آپ سے رابطہ کر سکیں۔

22اکتوبر 2026 تک رجسٹریشن مکمل کرنے والے شیئر ہولڈرز کو ضروری تصدیق کے بعد کمپنی کی جانب سے زوم ویڈیو لنک فراہم کیا جائے گا۔ اے جی ایم کے دن "لاگ ان" کی سہولت 10:55 سے لے کر میٹنگ کے اختتام تک دستیاب رہے گی۔

ii. شیئر ٹرانسفر بکس کی بندش:

کمپنی کی شیئر ٹرانسفر بکس 16اکتوبر 2026 سے 24اکتوبر 2026 تک (آغاز اور اختتام کے دنوں سمیت) بند رہیں گی۔ اس دوران رجسٹریشن کے لیے شیئر ٹرانسفر قبول نہیں کیا جائے گا۔ شیئر ٹرانسفرز کی جو درخواستیں کمپنی کے شیئر رجسٹرار آفس ایم/ ایس کورپلنک (پرائیویٹ) لمیٹڈ، وِنگز آرکیڈ، K-I، کمرشل، ماڈل ٹاؤن لاہور میں 15 اکتوبر 2026 کے دفتری اوقات میں موصول ہوں گی، انہیں بروقت اور میٹنگ میں شرکت اور ووٹ دینے کے قابل تصور کیا جائے گا۔

iii. پراکسی کا تقرر:

اس میٹنگ میں شرکت اور ووٹ کا حق رکھنے والا ہر ممبر اپنی نمائندگی اور ووٹ دینے کے لیے کسی دوسرے ممبر کو بطور پراکسی مقرر کر سکتا ہے۔ پراکسی فارم میٹنگ سے کم از کم 48 گھنٹے قبل کمپنی کے رجسٹرڈ دفتر سیکٹر H-8/4، اسلام آباد میں موصول ہونا ضروری ہے۔ پراکسی فارم نوٹس کے ساتھ منسلک ہے۔

سی ڈی سی اکاؤنٹ ہولڈرز کے لیے سیکورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کے 26 جنوری 2000 کے سرکلر #1 میں دی گئی گائیڈ لائنز پر عمل کرنا ضروری ہوگا۔

سنٹرل ڈپازٹری کمپنی آف پاکستان (سی ڈی سی) انویسٹر اکاؤنٹ ہولڈرز کے لیے پراکسی تقرری سے متعلق گائیڈ لائنز

پراکسی مقرر کرنے کے لیے

الف) اکاؤنٹ ہولڈرز یا سب اکاؤنٹ ہولڈرز (جن کی رجسٹریشن کی تفصیلات قوانین کے مطابق اپ لوڈ کی گئی ہیں) کو مذکورہ بالا شرائط کے مطابق پراکسی فارم جمع کروانا ہوگا۔ پراکسی فارم دو گواہان کی طرف سے جن کے نام، پتے اور شناختی کارڈ نمبر پراکسی فارم پر موجود ہوں سے تصدیق شدہ ہونا چاہیے۔ اس کے ساتھ مستفید ہونے والے مالکان اور پراکسی کے قومی شناختی کارڈ یا پاسپورٹ کی کاپیاں فراہم کرنا بھی لازمی ہے۔

ب) کارپوریٹ اداروں کے معاملے میں بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد یا پاور آف اٹارنی جس میں اس شخص کے دستخط کا نمونہ موجود ہو جو کارپوریٹ ادارے کی نمائندگی کرے گا اور اس کی جانب سے ووٹ دے گا پراکسی فارم کے ساتھ کمپنی کو جمع کرانا ہوگا (اگر اس سے پہلے فراہم نہ کیا گیا ہو)۔

iv. حصص داران کے بینک اکاؤنٹ کے ذریعے منافع کی ادائیگی:

کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 242 کے تحت شیئر ہولڈرز کو لازمی طور پر اپنا انٹرنیشنل بینک اکاؤنٹ نمبر (آئی بی اے این) فراہم کرنا ہوگا تا کہ ان کا ڈیویڈنڈ، ڈیویڈنڈ وارنٹس کی بجائے براہ راست ان کے بینک اکاؤنٹس میں موصول ہو۔

ایس ای سی پی کے یکم اگست 2017 کے سرکلر نمبر 18 کی روشنی میں شیئر ہولڈرز سے درخواست ہے کہ وہ کمپنی کے رجسٹرڈ ایڈریس پر اپنے بینک اکاؤنٹ کی تفصیلات کے ساتھ تحریری درخواست جمع کروائیں (اگر پہلے فراہم نہ کی گئی ہو)۔

اگر 15اکتوبر 2026 تک شیئر ہولڈرز کی درست بینک اکاؤنٹ تفصیلات فراہم نہیں کی جاتیں تو کمپنی ان کا ڈیویڈنڈ روکنے پر مجبور ہوگی۔

سی ڈی سی اکاؤنٹ ہولڈرز سے درخواست ہے کہ اگر وہ سی ڈی سی انویسٹر اکاؤنٹ برقرار رکھتے ہیں تو اپنے مینڈیٹ کی ہدایات متعلقہ ممبر سٹاک ایکسچینج یا سی ڈی سی کو فراہم کریں۔

v. سالانہ منافع کی ادائیگی کے لئے کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ (سی این آئی سی) / نیشنل ٹیکس نمبر (این ٹی این) جمع کرانا:

پاکستان سیکورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن کی ہدایت کے مطابق ڈیویڈنڈ کی ادائیگی کے لیے ممبران کے قومی شناختی کارڈ نمبرز انتہائی ضروری ہیں۔ اس لیے ممبران سے درخواست ہے کہ وہ اپنے شناختی کارڈ اور/ یا این ٹی این کی فوٹو کاپی (اگر پہلے فراہم نہیں کی گئی ہو) کمپنی کے رجسٹرڈ ایڈریس/ شیئر رجسٹرار کے پاس جمع کروائیں۔

سینٹرل ڈپوزیٹری سسٹم (سی ڈی ایس) کے تحت اپنے شیئرز برقرار رکھنے والے شیئر ہولڈرز سے درخواست ہے کہ مذکورہ معلومات براہ راست متعلقہ شرکت کنندہ/ سی ڈی سی انویسٹر اکاؤنٹ سروس میں جمع کرائیں۔

vi. منافع پر ودہولڈنگ انکم ٹیکس کے لیے "فائلر" کی تصدیق

انکم ٹیکس آرڈیننس 2001 کے سیکشن 150 کے تحت نقدی ڈیویڈنڈ پر انکم ٹیکس کی کٹوتی کی شرحیں مندرجہ ذیل ہیں:

الف	فائلر کے لیے ٹیکس کٹوتی کی شرح	15%
ب	نان فائلر کے لیے ٹیکس کٹوتی کی شرح	30%

ایف بی آر نے 25 ستمبر 2014 کے اپنے وضاحتی خط نمبر I(54)Exp/2014-132872-R کے ذریعے واضح کیا ہے کہ مشترکہ ناموں یا جوائنٹ اکاؤنٹس میں حصص رکھنے والوں کو انفرادی طور پر فائلرز یا نان فائلرز سمجھا جائے گا اور ہر شیئر ہولڈر کی متناسب ہولڈنگ کے مطابق کٹوتی کی جائے۔

مشترکہ حصص داران کو چاہیے کہ وہ اپنے متعلقہ جوائنٹ ہولڈنگ کے تناسب سے شیئر رجسٹرار کو 15اکتوبر 2026 تک درج ذیل فارم میں آگاہ کریں:

سی ڈی اکاؤنٹ نمبر	فولیو نمبر	ٹوٹل شیئرز	پرنسپل شیئر ہولڈر		جوائنٹ شیئر ہولڈر	
			نام اور قومی شناختی کارڈ نمبر	شیئر ہولڈر ہولڈنگ پرپورشن	نام اور قومی شناختی کارڈ نمبر	شیئر ہولڈر ہولڈنگ پرپورشن

اگر اطلاع موصول نہیں ہوتی تو ہر مشترکہ ہولڈر کو برابر شیئرز رکھنے والا سمجھا جائے گا۔

قومی شناختی کارڈ نمبر اور این ٹی این کی تفصیلات اب لازمی ہیں اور یہ فیڈرل بورڈ آف ریونیو (ایف بی آر) کی طرف سے وقتاً فوقتاً جاری کردہ ایکٹو ٹیکس پیئرز لسٹ (اے ٹی ایل) کے مطابق ٹیکس کا سٹیٹس جاننے کے لیے ضروری ہیں۔

vii. انکم ٹیکس/ زکوٰۃ کی کٹوتی سے استثنیٰ

انکم ٹیکس کی کٹوتی سے مستثنیٰ یا کٹوتی کی کم شرح کے اہل ممبران سے گزارش ہے کہ وہ قابلِ عمل ٹیکس ودہولڈنگ استثنیٰ سرٹیفیکیٹ یا اس مقصد کے لیے دیگر ضروری دستاویزی شواہد جمع کروائیں۔ زکوٰۃ کی کٹوتی نہ کرانے کے خواہش مند ممبران سے بھی گزارش ہے کہ وہ زکوٰۃ کی عدم کٹوتی کے لیے قابل عمل بیان جمع کروائیں۔

سی ڈی سی اکاؤنٹ ہولڈرز سے درخواست ہے کہ زکوٰۃ کی عدم کٹوتی کا بیان متعلقہ ممبر سٹاک ایکسچینج یا سی ڈی سی کے پاس جمع کرائیں اگر وہ سی ڈی سی انویسٹر اکاؤنٹ رکھتے ہیں۔

viii. کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 244 کے تحت غیر وصول شدہ ڈیویڈنڈ/شیئرز

کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 244 کے تحت کمپنی کی جانب سے جاری کردہ تین سال کی مدت تک غیر دعویٰ شدہ/ غیر ادا شدہ شیئرز یا اعلان کردہ ڈیویڈنڈ وفاقی حکومت کے کریڈٹ کے لیے ایس ای سی پی کے پاس جمع کرانا ضروری ہیں۔ اس سے قبل شیئر ہولڈرز کو نوٹس جاری کیے جائیں گے تا کہ وہ اپنا دعویٰ داخل کر سکیں۔ شیئر ہولڈرز سے گزارش ہے کہ وہ اپنے غیر وصول شدہ ڈیویڈنڈ اور شیئرز کے دعوی جات بروقت جمع کرائیں۔ اگر کوئی دعویٰ داخل نہیں ہوتا تو کمپنی سیکشن 244(2) کے تحت غیر وصول شدہ/ غیر ادا شدہ رقم اور شیئرز وفاقی حکومت کو جمع کرانے کی کارروائی کرے گی جیسے اور جب ایس ای سی پی کی جانب سے مطلع کیا جائے گا۔

ix. آڈٹ شدہ مالیاتی بیانات/نوٹس کی ترسیل

ممبران کو آگاہ کیا جاتا ہے کہ سیکورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (ایس ای سی پی) نے SRO389(I)/2023 مورخہ 21 مارچ 2023 کے تحت کمپنیوں کو سالانہ بیلنس شیٹ، منافع اور نقصان کا حساب، آڈیٹر کی رپورٹ اور ڈائریکٹرز وغیرہ کی (سالانہ آڈٹ شدہ مالیاتی بیانات یا سالانہ رپورٹ) سی ڈی، ڈی وی ڈی یا یو ایس بی کے بجائے QR کوڈ اور ویب لنک کے ذریعے ترسیل کی اجازت دی ہے۔ جس کی منظوری 27اکتوبر 2023 کو ہونے والے سالانہ اجلاس عام بذریعہ حصص داران دی گئی تھی۔

سالانہ آڈٹ شدہ مالیاتی گوشواروں/ سالانہ رپورٹ اور 30 جون 2026 کو ختم ہونے والے سال کے لیے سالانہ اجلاس عام کا نوٹس کمپنی کی ویب سائٹ پر موجود ہے۔ جسے درج ذیل لنک اور QR کوڈ سے حاصل کیا جاسکتا ہے:

https://shifa.com.pk/annual-report

سالانہ آڈٹ شدہ مالیاتی گوشواروں/ سالانہ رپورٹ کو سالانہ اجلاس عام کے نوٹس کے ساتھ ان ممبران کو ای میل کیا جا رہا ہے جنہوں نے اسے الیکٹرانک فارمیٹ میں اس طرح کی مواصلات حاصل کرنے کا انتخاب کیا ہے۔ جو ممبران سالانہ رپورٹ 2026 کو الیکٹرانک طور پر حاصل کرنا چاہتے ہیں، ان سے درخواست ہے کہ وہ سٹینڈرڈ درخواست فارم (جو کمپنی کی ویب سائٹ کے لنک https://s3storage.nayatel.com/customer-shifa/uploads/Financial_Statements_Request_Form_3e3e025650.pdf) پر دستیاب ہے) پُر کر کے کمپنی کے رجسٹرڈ ایڈریس پر ارسال کریں۔

کوئی بھی ممبر کمپنی کی سالانہ رپورٹ کی پرنٹ شدہ کاپی حاصل کرنا چاہے تو اس کے لیے درخواست فارم ویب سائٹ https://s3storage.nayatel.com/customer-shifa/uploads/Request_Form_2018_462353ad3b.pdf سے ڈاؤن لوڈ کیا جاسکتا ہے۔

اسے پُر کر کے دستخط کریں اور شناختی کارڈ یا اختیار نامہ کی کاپی کے ساتھ کمپنی کے شیئر رجسٹرار کو بھیج دیں۔

ممبران سے درخواست ہے کہ وہ اپنے رجسٹرڈ ای میل ایڈریس میں تبدیلی کی بروقت اطلاع دیں تا کہ کمپنی کی جانب سے مؤثر طریقے سے رابطہ کیا جاسکے۔

x. پتہ کی تبدیلی:

ممبران سے درخواست ہے کہ اپنے رجسٹرڈ پتہ میں کسی بھی تبدیلی سے فوری طور پر مطلع کریں۔

xi. ویڈیو کانفرنس کی سہولت:

کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 132(2) کے مطابق اگر کمپنی کے 10 فیصد یا اس سے زیادہ شیئرز رکھنے والے ممبران (جو کمپنی کے رجسٹرڈ دفتر کے علاوہ کسی اور مقام پر مقیم ہیں) اے جی ایم میں ویڈیو کانفرنس کے ذریعے شرکت کرنے کی درخواست دیں اور اے جی ایم کی تاریخ سے کم از کم 7 دن پہلے اس سے آگاہ کریں تو کمپنی اُس شہر میں ویڈیو کانفرنس کی سہولت فراہم کرے گی، بشرطیکہ وہاں اس کی سہولت دستیاب ہو۔ براہ مہربانی اس سہولت سے استفادہ کے لیے اپنی درخواست کمپنی سیکرٹری کو مندرجہ ذیل پتہ پر ارسال کریں: شفا انٹرنیشنل ہسپتال لمیٹڈ، سیکٹر H-8/4، اسلام آباد۔

xii. سالانہ اجلاس عام کا ضابطہ اخلاق:

کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 215 اور کمپنی ریگولیشنز 2024 کی ریگولیشن 55 کے تحت شیئر ہولڈرز کے لیے ضابطہ اخلاق درج ذیل ہے:

شیئر ہولڈرز کو انتظامیہ پر اثر انداز ہونے یا فیصلوں کے لیے اس سے براہ راست رابطہ کرنے کی اجازت نہیں، اس لیے کہ اس سے انتظامیہ کے کام میں رکاوٹیں پیدا ہو سکتی ہیں۔ شیئر ہولڈرز اے جی ایم کے مقام پر کوئی بھی ایسا مواد لانے سے اجتناب کریں جو شرکاء یا مقام کو نقصان پہنچا سکتا ہو۔ مزید برآں اے جی ایم کے ایجنڈے میں شامل نکات تک محدود رہیں اور ایسی سرگرمیوں سے اجتناب کریں جن سے کسی سیاسی وابستگی یا مذہبی حساسیت کا اظہار ہوتا ہو۔

xiii. سینٹرل ڈیپوزٹری میں فزیکل شیئرز کی منتقلی:

کمپنیز ایکٹ 2017 کی شق 72 اور ایس ای سی پی کے 26 مارچ 2021 کو جاری کیے گئے خط نمبر CSD/ED/Misc./2016-639-640 کے مطابق ہر درج شدہ کمپنی کے لیے اپنے فزیکل شیئرز کو بک انٹری فارم میں بتائے گئے انداز میں تبدیل کرنا ضروری ہوگا۔ ایس ای سی پی کے حکم کے مطابق تمام کمپنیوں کو اس ایکٹ کے روبہ عمل آنے یعنی 30 مئی 2017 سے چار سال کے اندر اندر مکمل کرنا ہوگا۔

اس ہدایت کی روشنی میں فزیکل شیئرز رکھنے والے شیئر ہولڈرز سے درخواست ہے کہ وہ بروکر کے ذریعے اپنا سی ڈی سی سب اکاؤنٹ یا سی ڈی سی کے ساتھ براہ راست انویسٹر اکاؤنٹ کھولیں اور اپنے فزیکل شیئرز کو جلد از جلد بک انٹری فارم میں تبدیل کریں۔

xiv. شیئر ہولڈرز کو تحائف دینے پر پابندی

سیکورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (ایس ای سی پی) نے اپنے 2018 کے سرکلر نمبر 2 کے ذریعے مورخہ 9 فروری 2018 کو SRO452(I)2025 کے تحت کمپنیوں کو اس بات کا سختی سے پابند کیا ہے کہ وہ شیئر ہولڈرز کو عام اجلاس میں یا ان سے متعلق کسی بھی موقع پر تحائف یا تحائف کے متبادل (ٹوکن / کوپن / لنچ / ٹیک اوے پیکجز وغیرہ) کسی بھی شکل میں فراہم نہ کریں۔ قانون کی دفعہ 185 کے تحت اس ہدایت کی خلاف ورزی کو جرم تصور کیا جائے گا اور خلاف ورزی کرنے والی کمپنیوں کو جرمانے یا سزاؤں کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے۔

شیئر ہولڈرز کسی بھی قسم کے سوالات / معلومات کے لئے کمپنی یا شیئر رجسٹرار سے درج ذیل پتوں پر رابطہ کر سکتے ہیں:

کمپنی کا رجسٹرڈ دفتر:
شفا انٹرنیشنل ہسپتال لمیٹڈ
پطرس بخاری روڈ، سیکٹر H-8/4، اسلام آباد، فون نمبر +92-51-8464227

شیئر رجسٹرار کا دفتر:
ایم/ ایس کورپ لنک (پرائیویٹ) لمیٹڈ
وِنگز آرکیڈ، K-I، کمرشل، ماڈل ٹاؤن، لاہور، فون نمبر +92-42-35839182